29 مئی 2012ء

رواں مالی سال کی تیسری سہ ماہی میں ای بینکاری کے ذریعے لین دین/سودوں کی مالیت 6.47 فیصد اضافے کے ساتھ 6,871 بلین روپے تک پہنچ گئی

رواں مالی سال (FY12) کی تیسری سہ ماہی کے دوران ملک میں ای بینکاری کے ذریعے لین دین/سودوں کی تعداد اور مالیت 70.9 ملین اور 6,871 بلین روپے تک پہنچ گئی جو اس سے گذشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں بالترتیب 5.9 فیصد اور 6.47 فیصد زیادہ ہیں۔ یہ بات اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے نظام ادائیگی کے سہ ماہی جائزے (Payment Systems Quarterly Review) میں کہی گئی ہے، جو آج جاری کیا گیا۔

جائزے کے مطابق رواں مالی سال (م س 12ء) کی تیسری سہ ماہی کے دوران پاکستان میں پے منٹ سسٹم کے انفراسٹرکچر میں مسلسل نمو ہوتی رہی اور اس دوران ملک بھر میں مزید 203 آٹومیٹڈ ٹیلر مشینوں (اے ٹی ایمز) کا اضافہ ہوا جس کے بعد ملک میں اے ٹی ایمز کی مجموعی تعداد 5,612 ہو گئی جبکہ بینکوں کی مزید 269 برانچوں کو ریئل ٹائم آن لائن برانچوں (Real-Time Online Branches) کی حیثیت سے اپ گریڈ کیا گیا۔ ملک بھر میں بینکوں کی 10,009 برانچیں کام کر رہی ہیں جن میں سے 9,174 برانچیں ریئل ٹائم آن لائن خدمات پیش کر رہی ہیں۔

سال بسال نمو کے رجحان کی تفصیل بتاتے ہوئے جائزے میں کہا گیا ہے کہ جنوری تا مارچ 2012ء کی سہ ماہی میں گذشتہ مالی سال کی اسی مدت (جنوری تا مارچ 2011ء) کے مقابلے میں ای بینکاری کے حجم اور مالیت میں بالترتیب 19 فیصد اور 18 فیصد نمو ہوئی۔ آٹومیٹڈ ٹیلر مشینوں (اے ٹی ایمز) اور ریئل ٹائم آن لائن برانچوں (آر ٹی او بی) کے حوالے سے ای بینکاری کے انفراسٹرکچر میں بھرپور نمو ہوئی۔ اے ٹی ایمز کی تعداد میں 13 فیصد اور آر ٹی او بی کی تعداد میں 29 فیصد کی سال بسال نمو ہوئی۔

جائزے میں کہا گیا ہے کہ گذشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں جنوری تا مارچ 2012ء کی سہ ماہی کے دوران پلاسٹک کارڈز کی تعداد میں 9.47 فیصد اضافہ ہوا۔ زیرِ جائزہ مدت کے اختتام تک ملک میں مجموعی طور پر 16.7 ملین پلاسٹک کارڈز زیرِ استعمال تھے۔

سہ ماہی جائزے کے مطابق اے ٹی ایم کے ذریعے لین دین/سودوں کی مجموعی تعداد 5.6 فیصد بڑھی جبکہ ان سودوں کی مالیت میں 8.6 فیصد اضافہ ہوا۔ اے ٹی ایمز کے ذریعے ہونے والے لین دین کی اوسط مالیت 9,828 روپے ہے۔ مجموعی ای بینکاری لین دین/سودوں میں اے ٹی ایمز کے ذریعے لین دین/سودوں کا حصہ بلحاظ حجم 59.6 فیصد اور بلحاظ مالیت 6 فیصد رہا۔

جائزے کے مطابق گذشتہ سہ ماہی کے اعداد و شمار کے مقابلے میں ریئل ٹائم آن لائن برانچوں کے سودوں میں بھی جنوری تا مارچ 2012ء کی سہ ماہی کے دوران 6.15 فیصد اضافہ ہوا جبکہ سودوں کی مالیت 6.14 فیصد تک بڑھ گئی۔ پوائنٹ آف سیل (POS) ٹرمینلز کے ذریعے سودوں کا حجم اور مالیت بالترتیب 4.5 ملین اور 21.2 بلین روپے رہی اور اس طرح گذشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں بالترتیب 7 فیصد اور 8.3 فیصد نمو ہوئی۔

جائزے میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ ریئل ٹائم گراس سیٹلمنٹ سسٹم (آر ٹی جی ایس) کے ذریعے بھاری مالیت کی حامل ادائیگیوں کے حجم میں 8.8 فیصد اضافہ ہوا ہے تاہم سودوں کی مالیت میں 8.2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اس کمی کا سبب تمسکات (securities) کی سیٹلمنٹ کی مالیت کا 18.7 ٹریلین روپے سے گر کر 16.1 ٹریلین روپے ہونا ہے۔ جائزے کے مطابق مذکورہ کمی کے باوجود آر ٹی جی ایس کے سودوں کا بڑا حصہ تمسکات کی سیٹلمنٹ کا تھا جس کے بعد انٹر بینک فنڈز کی منتقلیوں اور ملٹی لیٹرل کلیئرنگ کے ذریعے ریٹیل چیکوں کی سیٹلمنٹ کا نمبر آتا ہے اور ان کا حصہ بالترتیب 57.7 فیصد، 31.5 فیصد اور 10.8 فیصد بنتا ہے۔

☆☆☆